سوال

(122) نماز کی نیت زبان سے؟

جواب

السلام عليكم ورحمة الله وبركاته

ہمارے علاقے میں عام لوگ جب نماز کے لیے کھڑے ہوتے ہیں تو تکبیر سے پہلے زبان سے نماز کی نیت کرتے ہیں۔ کیا یہ جائز ہے؟ (حاجی نذیر خان، دامان حضرو)

الجواب بعون الوهاب بشرط صحة السؤال

وعليكم السلام ورحمة الله وبركاته!

الحمد لله، والصلاة والسلام علىٰ رسول الله، أما بعد!

زبان کے ساتھ نماز کی نیت کرنا قرآن مجید احادیث صحیحہ اجماع آثار صحابہ کرام رضوان اللہ عنھم اجمعین اور آثار تابعین سے قطعاً ثابت نہیں ہے لہذا یہ عمل غلط ہے اوراس سے اجتناب کرنا چاہیے۔ دیکھئے میری کتاب "ہدایۃ المسلمین" حدیث نمبر 1۔

ھذا ما عندي والله أعلم بالصواب

فتاوی علمیہ

جلد1۔کتاب الصلاۃ۔صفحہ303

محدث فتویٰ